Bachat ka Doosra Naam

September 16, 2015

The General Manager
Karachi Stock Exchange (Guarantee) Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi.

Dear Sir

**NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING OF MCB-ARIF HABIB SAVINGS & INVESTMENTS LTD.**

In accordance with KSE Listing Regulation No. 18 (2), please find the attached Notice of 15th Annual General Meeting of MCB-Arif Habib Savings and Investments Limited, to be held on October 12, 2015.

The aforementioned notice will be published in the following English and Urdu language newspapers on September 18, 2015

1. Tribune (English)
2. Daily Express (Urdu)

Yours Sincerely,

**Muhammad Saqib Saleem**
Chief Financial Officer & Company Secretary

38x2

Bachat ka Doosra Naam
MCB - Arif Habib Savings and Investments Limited
8th Floor, Techno City, Corporate Tower, Hasrat Mohani Road, Karachi.
Toll Free: 0800-622-24 (0800-MCB-AH)

# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the fifteenth (15th) Annual General Meeting of MCB-Arif Habib Savings and Investments Limited will be held on Monday, October 12, 2015 at 3:00 p.m. at Jasmine Hall, Beach Luxury Hotel, Moulvi Tamizuddin Khan Road, Karachi - Pakistan to transact the following business:

**Ordinary Business:**

1. To confirm the minutes of the last Annual General Meeting held on October 23, 2014.
2. To receive, consider and adopt the Audited Financial Statements of the Company for the year ended June 30, 2015 together with Directors' and Auditor's Reports thereon.
3. To consider and approve final cash dividend of 17.50% i.e. Rs. 1.75 per ordinary share of Rs. 10/- each as recommended by the Board of Directors. This is in addition to the interim cash dividend of 15.00% i.e. Rs. 1.50 per ordinary share of Rs. 10/- each already paid to the shareholders during the year, thus making a total cash dividend of 32.50% i.e. Rs. 3.25 per ordinary share of Rs. 10/- each for the year ended June 30, 2015.
4. To appoint external auditors of the Company for the year ending June 30, 2016 and fix their remuneration. The Board of Directors, on the recommendation of Audit Committee of the Company, has proposed the re-appointment of M/s A. F. Ferguson & Co. Chartered Accountants as external auditors, for the year ending June 30, 2016.
5. To transact any other business with the permission of the Chair.

**By Order of the Board**
**Muhammad Saqib Saleem**
**Company Secretary**

September 18, 2015
Karachi

**Notes:**

**1. Book Closure Notice**
The Share Transfer Books of the Company will remain closed from Tuesday, October 06, 2015 to Monday, October 12, 2015 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of our Share Registrar M/s. Central Depository Company of Pakistan Limited, CDC House, Block B, SMCHS, Main Shahrah-e-Faisal, Karachi - 74400, by the close of business (5:00 p.m) on Monday, October 05, 2015, will be considered in time for the determination of the entitlement of the shareholders to final cash dividend and to attend and vote at the meeting.

**2. Appointment of Proxy and Participation in the AGM**
A member entitled to attend, speak and vote at the Annual General Meeting is entitled to appoint another person as his/her proxy to attend, speak and vote for his/her behalf. A proxy need not be a member of the Company. A proxy shall also have the right to demand and join in demanding a poll and vote on a poll.
The instrument appointing proxy, together with the power of attorney or other authority under which it is signed, as the case may be, or a notarially certified copy of the power or authority, must be deposited at the Registered Office of the Company at least 48 hours before the time of the meeting. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the Company. Form of Proxy is enclosed. Beneficial owners of the physical shares and the shares deposited with the Central Depository Company of Pakistan Ltd. (CDC) and / or their proxies are required to produce their **original Computerized National Identity Card (CNIC) or Passport for identification purpose at the time of attending the meeting.**

**3. Notice of Submission of Valid CNIC Copies (Mandatory)**
SECP vide SRO No. 831(1)/2012 dated July 05, 2012 directed the companies to issue dividend warrant only crossed as "A/c Payee only" which should bear the Computerized National Identity Card (CNIC) of the registered member or authorized person. Moreover, the availability of valid CNIC of all members is also necessary for filing, with SECP, the list of members along with Annual Return of the Company.
Members, who have not yet submitted attested photocopy of their valid CNIC along with folio number are requested to send the same, at the earliest, directly to the Company's Share Registrar. In case of non-availability of valid copy of CNIC of any member, in the Company's records, the Company will be constrained to withhold the Dividend Warrants of such members, which will be released only upon providing the copy.

**4. Dividend Mandate (Optional)**
Dividend Mandate Forms are available at the Registered Office of the Company. Members are encouraged to provide, duly filled in dividend mandate form, to receive the cash dividend declared by the Company, if any, directly into their bank account through e-dividend payment mechanism, as advised by the Securities and Exchange Commission of Pakistan vide its communication reference No. 8(4)SM/CDC2008 dated April 05, 2013. The members who wish to avail e-Dividend payment facility shall not receive the dividend warrant. Members not providing dividend mandate shall continue to be paid through the dividend warrants.

**5. Deduction of Withholding Tax on the Amount of Dividend under Section 150 the Income Tax Ordinance, 2001 (Mandatory)**

(i) Pursuant to the provisions of the Finance Act 2015 effective July 1, 2015, the rates of deduction of income tax from dividend payments under the Income Tax Ordinance have been revised as follows:
a) Rate of tax deduction for filer of income tax return 12.5%
b) Rate of tax deduction for non-filers of income tax return 17.5%
To enable the company to make tax deduction on the amount of cash dividend @ 12.5% instead of 17.5%, shareholders whose names are not entered into the Active Tax-payers List (ATL) provided on the website of FBR, despite the fact that they are filers, are advised to immediately make sure that that their names are entered in ATL before the date for payment of the cash dividend i.e. October 28, 2015 (tentative) otherwise tax on their cash dividend will be deducted @ 17.5% instead of 12.5%. List of Filers is available at Federal Board of Revenue's (FBR) website: http://www.fbr.gov.pk.

(ii) Further, according to clarification received from Federal Board of Revenue (FBR), with-holding tax will be determined separately on 'Filer/Non-Filer' status of Principal shareholder as well as joint-holder (s) based on their shareholding proportions, in case of joint accounts.
In this regard all shareholders who hold shares jointly are requested to provide shareholding proportions of Principal shareholder and Joint-holder(s) in respect of shares held by them to our Share Registrar, in writing as follows:

| Folio/CDC A/c No. | Total number of shares | Principal Shareholders | | Joint Holder (s) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) |
| | | | | | |

(iii) The required information must reach our Share Registrar by the close of business (5:00 p.m) on Monday, October 05, 2015; otherwise it will be assumed that the shares are equally held by Principal shareholder and Joint Holder(s).

(iv) The corporate shareholders having CDC accounts are required to have their National Tax Number (NTN) updated with their respective participants, whereas corporate physical shareholders should send a copy of their NTN certificate to the company or Share Registrar. The shareholders while sending NTN or NTN certificates, as the case may be, must quote company name and their respective folio numbers.

For any query/problem/information, the investors may contact the company and/or the Share Registrar at the following phone Numbers, email addresses:

| | |
|---|---|
| Company: | MCB-Arif Habib Savings & Investments Ltd<br>UAN: 11-11-622-24 email: info@mcbah.com |
| Share Registrar: | Central Depository Company of Pakistan Ltd<br>Tel #: 0800-23275 email: info@cdcpak.com |

6. **Change in Members Addresses**
Members' are requested to immediately notify any change in their address to the Share Registrar M/s. Central Depository Company of Pakistan Limited in order that the dividend warrants may be dispatched to their correct addresses.

7. **Placement of Audited Financial Statements on the Website**
The financial statements for the year ended June 30, 2015 and reports have been placed on the Company's website: www. mcbah.com.

8. **Circulation of Annual Annual Audited Financial Statements and Notice of AGM through emails**
Pursuant to S.R.O. 787(I)/2014 dated 8th September 2014 SECP has permitted companies to circulate Annual Audited Financial Statements along with Notice of Annual General Meeting to its members through e-mail. A Standard Consent Form is available at the Company's website: www. mcbah.com. Members, who wish to avail this facility, should send duly filled-in Consent Form along with a copy of CNIC or valid passport (in case of foreign shareholder) to Company Secretary at Registered Office of the Company or a scan copy through email to company.secretary@mcbah.com. It will be the responsibility of members to intimate any change in their valid registered email address to the Company in timely manner. In case any member opt to this facility, can subsequently requests for printed copy of Annual Audited Financial Statements, the same shall be provided free of cost within 7 days of receipt of such request.

BOND

51x2

Bachat ka Doosra Naam
MCB - Arif Habib Savings and Investments Limited
8th Floor, Techno City, Corporate Tower,
Hasrat Mohani Road, Karachi.
Toll Free: 0800-622-24 (0800-MCB-AH)

## اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ ایم سی بی۔عارف حبیب سیونگز اینڈ انویسٹمنٹس لمیٹڈ کا پندرھواں سالانہ اجلاس عام مورخہ 12 اکتوبر 2015ء بروز پیر بوقت 3:00 بجے سہ پہر بمقام جیسمین ہال، بیچ لگژری ہوٹل، مولوی تمیزالدین خان روڈ، کراچی پاکستان میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

**عمومی کاروبار:**

1- 23 اکتوبر 2014ء کو ہونے والے سالانہ اجلاس عام کے نکات کی تصدیق۔

2- 30 جون 2015ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کے ساتھ کمپنی کے مالی گوشوارہ کو وصول کرنا، ان پر غور کرنا اور ان کی منظوری دینا۔

3- بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے تجویز کردہ 17.50 فیصد حتمی نقد منافع منقسمہ پر غور کرنا اور اس کی منظوری دینا، جوکہ ہر 10 روپے والے عمومی حصص پر 1.75 روپے فی حصص ہے۔ یہ 15.00 فیصد عبوری نقد منافع منقسمہ کے علاوہ ہے جوکہ ہر 10 روپے والے عمومی حصص پر 1.50 روپے فی حصص کے حساب سے سال کے دوران حصص یافتگان کو پہلے ہی ادا کئے جا چکے ہیں۔ لہٰذا 30 جون 2015ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کل نقد منافع منقسمہ 32.50 فیصد یعنی ہر 10 روپے کے عمومی حصص پر 3.25 روپے فی حصص ہے۔

4- 30 جون 2016ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کیلئے ایکسٹرنل آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کی آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر 30 جون 2016ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹس کے بطور ایکسٹرنل آڈیٹرز دوبارہ تقرری کی تجویز پیش کی ہے۔

5- چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ
محمد ثاقب سلیم
کمپنی سیکریٹری

18 ستمبر 2015ء
کراچی

نوٹ:

1 **کتاب کی بندش کا نوٹس:**

کمپنی کی منتقلی حصص کی کتابیں منگل 06 اکتوبر 2015ء سے پیر 12 اکتوبر 2015ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ ہمارے حصص رجسٹرار میسرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل کراچی 74400 پر جمعرات 05 اکتوبر 2015ء کو شام 5 بجے کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والے ٹرانسفرز کو حصص یافتگان کیلئے حتمی نقد منافع منقسمہ کا اہل ہونے اور اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کیلئے بروقت تصور کیا جائیگا۔

2 **پراکسی کی تقرری اور سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت:**

سالانہ اجلاس عام میں شرکت، بولنے اور ووٹ کا حق رکھنے والا ممبر اپنی جگہ کسی اور ممبر کو بطور پراکسی اجلاس میں شرکت کرنے، بولنے اور وٹ دینے کیلئے نامزد کرنے کا مجاز ہوگا۔ پراکسی کیلئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں ہے۔ پراکسی کو مطالبہ کرنے اور انتخاب کے مطالبے میں شمولیت اور انتخاب میں ووٹ دینے کا حق بھی حاصل ہوگا۔

پراکسی کے تقرر اور پاور آف اٹارنی یا وہ اجازت نامہ جس کے تحت اس پر دستخط کئے گئے ہیں یا پاور یا اتھارٹی کی تصدیق شدہ نقل، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس شروع ہونے سے 48 گھنٹے قبل جمع کروانی ہوگی۔ کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد شدہ کے دستخط پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو فراہم کیے جائیں (اگر پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں)۔ پراکسی فارم منسلک ہے۔

اجلاس میں شرکت کے وقت شناخت کیلئے حاضر حصص اور سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) کے نام پر رجسٹرڈ حصص کے بینیفشل اونرز اور/ یا ان کے پراکسی کو اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوں گے۔

3 **درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپیاں جمع کروانے کا نوٹس (لازمی)**

ایس ای سی پی کی جانب سے 5 جولائی 2012ء کو جاری کردہ ایس آر او نمبر 2012/(1)831 میں کمپنیز کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ صرف ایسے نقد منافع منقسمہ وارنٹ جاری کریں جن پر "A/C Payee Only" اور رجسٹرڈ ممبر کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) درج ہے۔ تاہم، ایس ای سی پی کی فائلنگ کے لیے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی دستیابی بھی ضروری ہے۔

جن ممبران نے اپنے درست سی این آئی سی کی فوٹو کاپی بمعہ فولیو نمبر ابھی تک جمع نہیں کروائی ہے ان سے درخواست ہے کہ وہ یہ فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو بھجوائیں۔ کسی بھی ممبر کے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی موصول نہ ہونے کی صورت میں، کمپنی اُن ممبران کے منافع منقسمہ کو روک دے گی جو کہ کاپی فراہم کرنے پر بحال کیے جائیں گے۔

4 **ڈیوڈنڈ مینڈیٹ (اختیاری)**

ڈیوڈنڈ مینڈیٹ فارم کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں دستیاب ہیں۔ ممبران سے درخواست ہے کہ وہ باقاعدہ طور پر پُر کیے گئے ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم فراہم کریں تاکہ وہ کمپنی کی طرف سے اعلان کردہ نقد منافع منقسمہ، اگر کوئی ہو، کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے تحت رابطہ ریفرنس نمبر 8(4)SM/CDC2008 مؤرخہ 5 اپریل، 2013 کے تجویز کردہ ای۔ڈیویڈنڈ مینٹ طریقہء کار کے ذریعے براہِ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں حاصل کریں۔ جو ممبران ای۔ڈیویڈنڈ کی سہولت حاصل کرنا چاہتے ہیں، انھیں ڈیویڈنڈ وارنٹ نہیں دیا جائے گا۔ جو ممبران ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فراہم نہیں کر رہے ہیں، اُن کے لیے بذریعہ ڈیویڈنڈ وارنٹس، ادائیگی جاری رکھی جائے گی۔

5 **انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 کے تحت منقسمہ کی رقم پر لاگو ٹیکس کی کٹوتی (لازمی):**

i یکم جولائی، 2015 سے مؤثر فنانس ایکٹ، 2015 کے مطابق ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر انکم ٹیکس آرڈیننس کے تحت انکم ٹیکس میں کٹوتی کی شرحوں میں نظرِثانی کی گئی ہے جوکہ درج ذیل ہے:

(a) انکم ٹیکس گوشوارے کے فائلر کے لیے ٹیکس کٹوتی کی شرح 12.5%

(b) انکم ٹیکس گوشوارے کے نان فائلر کے لیے ٹیکس کٹوتی کی شرح 17.5%

کمپنی کو نقد منافع منقسمہ کی رقم پر لاگو ٹیکس کٹوتی 17.5 فیصد کی بجائے 12.5 فیصد کرنا ہے جس کے لیے حصص یافتگان کو چاہیئے کہ جن کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر موجود Active Tax-payers کی فہرست میں درج نہیں ہیں اور اگر وہ فائلر بھی نہیں ہیں تو وہ اپنے نام نقد منافع منقسمہ کی تاریخ ادائیگی جو کہ 28 اکتوبر، 2015 (عبوری) ہے، سے قبل اے ٹی ایل کی فہرست میں درج کروالیں، ورنہ نقد منافع منقسمہ کی رقم پر لاگو ٹیکس کٹوتی 12.5 فیصد کی بجائے 17.5 فیصد کردی جائے گی۔ فائلرز کی فہرست فیڈرل بورڈ آف ریوینیو کی ویب سائٹ http://www.fbr.gov.pk پر موجود ہے۔

ii مزید یہ کہ فیڈرل بورڈ آف ریوینیو کی طرف سے موصول ہونے والی وضاحت کے مطابق پرنسپل حصص یافتگان کے فائلر / نان فائلر اسٹیٹس پر کٹوتی ٹیکس علیحدہ علیحدہ لگایا جائے گا اور مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر کی صورت میں، مشترکہ ہولڈرز کے حصص کے تناسب سے ٹیکس کٹوتی کا حساب لگایا جائے گا۔
اس حوالے سے، وہ تمام حصص یافتگان جو مشترکہ حصص رکھتے ہیں وہ ہمارے حصص رجسٹرار کو تحریری طور پر اپنے حصص کا تناسب درج ذیل طریقے کے مطابق مہیا کریں۔
تناسب درج ذیل طریقے کے مطابق مہیا کریں۔

| فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | حصص کی کل تعداد | پرنسپل حصص یافتگان | | مشترکہ ہولڈر [illegible] | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | حصص کا تناسب (حصص کی تعداد) | نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | حصص کا تناسب (حصص کی تعداد) |
| | | | | | |

iii درکار معلومات ہمارے حصص رجسٹرار کو پیر 05 اکتوبر، 2015 شام 5 بجے تک پہنچ جانا چاہئیں، ورنہ یہ تصور کیا جائے گا کہ پرنسپل حصص یافتہ اور مشترکہ حصص یافتہ (یافتگان) کے حصص کی تعداد مساوی ہے۔

vi وہ کارپوریٹ حصص یافتگان جو سی ڈی سی اکاؤنٹس رکھتے ہیں، اُن کو چاہیئے کہ وہ اپنے نیشنل ٹیکس نمبر کو اپنے حصہ داران کے مطابق اَپ ڈیٹ کروالیں، جبکہ کارپوریٹ فزیکل حصص یافتگان کو اپنے این ٹی این سرٹیفیکٹ کی کاپی کمپنی یا حصص رجسٹرار کو بھیجنا ہوگی۔ حصص یافتگان کو این ٹی این یا این ٹی این سرٹیفیکٹ بھیجتے وقت کمپنی کا نام اور اپنا فولیو نمبر لازمی لکھنا ہوگا۔

کسی بھی قسم کے سوالات / مسائل / معلومات کے لیے، سرمایہ کار ذیل میں دیئے گئے فون نمبرز اور ای میل ایڈریس پر کمپنی اور / یا حصص رجسٹرار سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

کمپنی: ایم سی بی عارف حبیب سیونگز اینڈ انویسٹمنٹس لمیٹڈ
یو اے این: 11-11-622-24
ای میل: info@mcbah.com

حصص رجسٹرار: سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ
فون: 0800-23275
ای میل: info@cdcpak.com

**6. ممبران کے پتے میں تبدیلی**

ممبران سے درخواست ہے کہ اگر ان کے رجسٹرڈ پتے میں کوئی تبدیلی آئے تو ہمارے حصص رجسٹرار، میسرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کو فوراً مطلع کریں تاکہ اُن کے ڈیویڈنڈ وارنٹس درست پتے پر ارسال کیے جاسکیں۔

**7. ویب سائٹ پر آڈیٹڈ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی اشاعت**

مالیاتی اسٹیٹمنٹ برائے سال 30 جون 2015ء اور اس کی رپورٹس کمپنی کی ویب سائٹ www.mcbah.com پر موجود ہے۔

**8- بذریعہ ای میل، سالانہ آڈیٹڈ مالیاتی اسٹیٹمنٹس اور سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کی تقسیم:**

ایس آر او 787(I)/2014 بتاریخ 8 ستمبر، 2015 کے مطابق، ایس ای سی پی نے کمپنیز کو یہ اجازت دے دی ہے کہ وہ سالانہ آڈیٹڈ مالیاتی اسٹیٹمنٹس اور سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس بذریعہ ای میل ممبران کو بھیج سکتے ہیں۔ ایک اسٹینڈرڈ Consent Form کمپنی کی ویب سائٹ www.mcbah.com پر موجود ہے۔ جو ممبران یہ سہولت حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ Consent Form کو باقاعدہ طور پر پُر کر کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ (غیر ملکی حصص یافتگان کی صورت میں) کی کاپی کے ساتھ کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر پر کمپنی سیکریٹری کو بھیجیں یا ایک اسکین کاپی Company.secretary@mcbah.com پر ای میل کریں۔ ممبران کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس میں تبدیلی کی اطلاع فوراً کمپنی کو دے۔ اگر کوئی ممبر یہ سہولت بھی منتخب کرتا ہے، وہ سالانہ آڈیٹڈ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی پرنٹ کاپی حاصل کرنے کے لیے درخواست بھی دے سکتا ہے جو کہ درخواست وصول ہونے کے 7 دنوں کے اندر اندر بنا کسی معاوضے کے فراہم کی جائے گی۔